# ۳- امر و نہی

## (الف) اَمر (Imperative):

'امر' وہ فعل ہے جس میں کسی کام کے کرنے کا حکم پایا جائے۔ چوں کہ حکم صرف مخاطب ہی کو دیا جاتا ہے، اس لیے اس کے صرف دو ہی صیغے ہوتے ہیں: واحد حاضر اور جمع حاضر۔

قاعدہ: مادّۂ مضارع کے شروع میں 'ب' بڑھا دینے سے امر بنتا ہے۔ جیسے 'رفتن' سے رَو سے پہلے 'ب' بڑھائیں تو بِرو اور برِوید بن جائے گا۔

مثال: (۱) صیغۂ واحد حاضر : برو = تو جا ، (۲) صیغۂ جمع حاضر : بروید = تم جاؤ/تم سب جاؤ

مثالیں: جواب بده ، آبِ تازه بنوشید ، به مدرسه برو ، جواب بنویسید۔

## (ب) نہی (Prohibitive or Negative Imperative):

'نہی' وہ فعل ہے جس میں کسی کام کے نہ کرنے کا حکم پایا جائے۔ فعل امر کی طرح اس کے بھی دو ہی صیغے ہوتے ہیں۔

قاعدہ: فعل امر کے شروع میں بجائے 'ب' کے 'م' یا 'ن' لگانے سے 'فعل نہی' بن جاتا ہے۔

| فعلِ امر | | فعلِ نہی | |
|---|---|---|---|
| واحد حاضر | جمع حاضر | واحد حاضر | جمع حاضر |
| برو | بروید | مرو / نرو (تو نہ جا) | مروید / نروید (آپ مت جائیے) |
| بخور | بخورید | مخور / نخور (تو نہ کھا) | مخورید / نخورید (آپ نہ کھائیے) |
| بیا | بیایید | میا / نیا (تو مت آ) | میایید / نیایید (آپ مت آئیے) |
| بکُن | بکنید | مکُن / نکُن (تو مت کر) | مکُنید / نکُنید (آپ نہ کیجیے) |
| بیآزار | بیآزارید | میآزار / نیآزار (تو نہ ستا) | میآزارید / نیآزارید (آپ نہ ستائیے) |
| بگو | بگویید | مگو / نگو (تو نہ بول) | مگویید / نگویید (آپ نہ کہیے) |
| بنویس | بنویسید | منویس / ننویس (تو مت لکھ) | منویسید / ننویسید (آپ مت لکھیے) |

مثالیں: از خانه بیرون مرو ، کسی را دشنام مده ، امشب در عبادتِ الٰهی مشغول بباش ، کارِ امروز بفردا مگذار ، به آواز بلند بخوانید ، امشب به خانهٔ من میا ، خاموش بنشین سرو صدا مکُن ، آنچه ندانی مگو ، روی کتاب منویس ، حسرت نخورید خدا بزرگ است۔